والذین آمنوا وعملوا الصالحات اولئک اصحاب الجنۃ ہم فیہا خالدون

جنت

میں لے جانے والے چالیس عمل

تالیف
محمد عظیم حاصلپوری

مکتبہ اسلامیہ

...BLOGSPOT.COM

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

کتاب .... جنت میں لے جانے والے چالیس عمل

تالیف .... محمد عظیم حاصلپوری

ناشر .... محمد سرور عاصم

کمپوزنگ/ڈیزائننگ .... مکتبہ اسلامیہ پرنٹرز

سرورق خطاطی .... حافظ انجم محمود

اشاعت .... اکتوبر 2007ء

قیمت ....

ملنے کا پتہ

مکتبہ اسلامیہ

لاہور بالمقابل رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار فون: 042-7244973

فیصل آباد بیرون امین پور بازار کوتوالی روڈ فون: 041-2631204

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

فہرست

- جنت کا مختصر تعارف ---------- 6
- قرآن سے جنت کا تعارف ---------- 6
- حدیث سے جنت کا تعارف ---------- 10
- جنت میں لے جانے والے چالیس عمل ---------- 14
1. اللہ تعالیٰ کا ڈر اور اچھا اخلاق ---------- 14
2. خلوصِ دل سے کلمے کی شہادت دینا ---------- 14
3. وفات کے وقت کلمہ شہادت پڑھنا ---------- 15
4. اپنے مال کی حفاظت میں قتل ہونا ---------- 15
5. یتیم کی کفالت کرنا ---------- 15
6. نماز اشراق کی چار رکعات اور نماز ظہر سے پہلے چار رکعات پڑھنا ---------- 16
7. نماز فجر اور نماز عصر باقاعدگی سے ادا کرنا ---------- 16
8. ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنا ---------- 17
9. کثرت سے نفلی روزے رکھنا ---------- 17
10. اچھی گفتگو کرنا اور کھانا کھلانا ---------- 18
11. مسلمان بھائی کی عزت کا دفاع کرنا ---------- 18

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

12 زبان اور شرمگاہ کی حفاظت ---------- 19

13 اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام حفظ کرنا ---------- 19

14 سورت اخلاص سے محبت کرنا ---------- 20

15 مساجد کی طرف جانا ---------- 20

16 دینی علم حاصل کرنا ---------- 21

17 شرم وحیا اختیار کرنا ---------- 21

18 بلاضرورت کسی سے سوال کرنا ---------- 21

19 تسبیح وتحمید کرنا ---------- 22

20 تکبر، خیانت اور قرض سے دور رہنا ---------- 22

21 مسجد میں اذان دینا ---------- 23

22 عورت کا احکام اسلام کی پابندی کرنا ---------- 23

23 حج مبرور کرنا ---------- 24

24 اللہ سے ڈر کر رونا اور اس کی راہ میں پہرہ دینا ---------- 24

25 رضائے الٰہی کی خاطر دینی بھائی کی زیارت کرنا ---------- 24

26 وضو کے بعد نفل نماز پڑھنا ---------- 25

27 نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا ---------- 26

28 لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ کہنا ---------- 26

29 لین دین میں فیاضی سے کام لینا ---------- 27

30 مصائب پر صبر کرنا ---------- 27

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

31 آنکھوں کی بینائی چلے جانے پر صبر کرنا ---------- 28

32 اللہ پر توکل کرتے ہوئے دم طلب نہ کرنا ---------- 28

33 کبیرہ گناہوں سے بچنا ---------- 29

34 بکثرت جنت کا سوال کرنا ---------- 29

35 سورت ملک کی تلاوت کرنا ---------- 30

36 بیٹیوں کی پرورش کرنا ---------- 30

37 ماں کی خدمت کرنا ---------- 31

38 باپ سے حسن سلوک کرنا ---------- 31

39 نابالغ بچوں کی وفات پر صبر کرنا ---------- 32

40 کثرت سے استغفار کرنا ---------- 32

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

جنت کا مختصر تعارف

جنت عربی زبان کا ایک لفظ ہے جس کا معنی ہے باغ، ایسا باغ جو اپنے سبزہ اور گھنے درختوں کی وجہ سے زمین کو چھپالے، قرآن مجید نے اس حسین وجمیل، پر کشش، دلفریب اور دیدہ زیب جنت کے کئی ایک نام ذکر کیے ہیں مثلاً دارالسلام، دارالخلد، دارالمقامہ، دارالآخرہ، مقام امین، جنۃ الماویٰ، جنات عدن، مقعدِ صدق، جنات النعیم، جنات الفردوس وغیرہ۔ جنت کیا ہے؟ اور کس چیز کا نام ہے اس دنیا میں اس کا تصور کرنا اور اس کے اندرونی ماحول کا اندازہ لگانا مشکل ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

((فِيهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ)) [1]

''جنت میں ایسی ایسی نعمتیں ہیں جنہیں کسی آنکھ نے دیکھا نہیں نہ کسی کان نے ان کی تعریف سنی ہے نہ ہی ان کا تصور کسی آدمی کے دل میں پیدا ہوا ہے۔''

قرآن سے جنت کا تعارف

اب ہم قرآن کی زبانی جنت کا مختصر تعارف کرتے ہیں جس کے حصول کے لیے انسان ساری زندگی تمام عبادات بڑی توجہ وانہماک اور خشوع وخضوع سے بجالاتا ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

☆ ابدی جنتوں میں جنتی لوگ خود بھی داخل ہوں گے اور ان کے آباؤاجداد، ان کی بیویوں اور اولادوں میں سے جو نیک ہوں گے وہ بھی ان کے

[1] صحیح مسلم، کتاب الجنة وصفة نعيمها، باب صفة الجنة:٢٨٢٥۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

ساتھ جنت میں جائیں گے، جنت کے ہر دروازے سے فرشتے اہل جنت کے پاس آئیں گے اور کہیں گے سلامتی ہو تم پر یہ جنت تمہارے صبر کا نتیجہ ہے آخرت کا گھر تمہیں مبارک ہو۔ ❶

☆ اہل جنت کو، جنت میں کسی قسم کی تھکان نہ ہوگی نہ ہی وہ اس سے نکالے جائیں گے۔ ❷

☆ جنت کی چوڑائی زمین وآسمان کی وسعت کے برابر ہے۔ ❸

☆ جنت کے پھل اور بہاریں دائمی ہوں گی۔ ❹

☆ جنت میں بھوک اور پیاس نہیں ہوگی۔ ❺

☆ اہل جنت سونے کے کنگن اور سبز ریشم کے لباس پہن کر تکیہ دار مسندوں پر مزے کریں گے۔ ❻

☆ اہل جنت عقل پر اثر انداز نہ ہونے والی سفید رنگ کی لذیذ شراب پئیں گے۔ ❼

☆ ''اہل جنت کے لیے ہیروں اور موتیوں جیسی شرمیلی نگاہوں والی خوبصورت بیویاں ہوں گی جنہیں اس سے پہلے کسی جن یا انسان نے چھوا تک نہیں ہوگا۔ ❽

☆ اہل جنت کے پاس حیادار، خوبصورت موٹی آنکھوں والی حوریں ہوں

❶ ۱۳/ الرعد:۲۳، ۲۴۔ ❷ ۱۵/ حجر ۴۸۔ ❸ ۳/ آل عمران:۱۳۳۔
❹ ۱۳/ الرعد:۳۵۔ ❺ ۲۰/ طٰہٰ:۱۱۸۔ ❻ ۱۸/ الکہف:۳۱۔
❼ ۳۷/ صافات:۴۶، ۴۷۔ ❽ ۵۵/ الرحمٰن:۵۶، ۵۷۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

گی ایسی نرم و نازک جیسے انڈے کے نیچے چھپی ہوئی جھلی ہو۔ [1]

☆ متقی لوگ یقیناً امن کی جگہ (جنت) میں ہوں گے، باغوں اور چشموں میں (مزے کریں گے) باریک ریشم اور موٹا ریشم پہنے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے یہ ہوگی ان کی شان اور ہم گوری گوری خوبصورت موٹی موٹی آنکھوں والی عورتوں سے ان کا نکاح کردیں گے۔ جنتی لوگ ہر طرح کی لذیذ چیزیں پورے اطمینان اور بے فکری سے طلب کریں گے۔ [2]

☆ ہم انہیں ہر طرح کے لذیذ پھل اور من پسند گوشت دیتے چلے جائیں گے وہ ایک دوسرے سے جام شراب کی چھینا جھپٹی کریں گے، ایسی شراب جس کے پینے سے نہ تو بیہودہ گوئی ہوگی نہ کوئی گناہ سرزد ہوگا، محفوظ کئے ہوئے موتیوں کی طرح خوبصورت لڑکے ان کی خدمت میں ہر وقت حاضر رہیں گے۔ [3]

☆ (اہل جنت کے لیے جنت میں) باغ اور انگور ہوں گے نوجوان کنواری اپنے شوہروں کی ہم عمر عورتیں ہوں گی، چھلکتے جام ہوں گے، ہر قسم کی لغو اور بیہودہ باتوں سے پاک ماحول ہوگا۔ [4]

☆ اہل جنت کی آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچانے کے لیے جو مخفی نعمتیں تیار کی گئیں ہیں ان کا علم کسی نفس کو نہیں۔ [5]

☆ اور داہنے ہاتھ والے (یعنی جنتی لوگ) داہنے ہاتھ والوں کا کیا کہنا،

[1] ۳۷/ صافات:۴۹۔ [2] ٤٤/ الدخان:٥١، ٥٧۔ [3] ٥٢/ طور:۲۲، ۲٤۔
[4] ۲۸/ النباء:۳۲، ۳۵۔ [5] ۲۳/ السجدہ:۱۷۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

بے کانٹے کی بیریوں میں ہوں گے، کے لیے تہ بہ تہ، لمبے سائے، بہتا ہوا پانی اور بکثرت پھل (ان کے لیے تیار کیے گئے ہیں)۔ ❶

☆ اہل جنت کے آگے چاندی کے برتن اور شیشے کے پیالے گردش کرائے جارہے ہوں گے شیشے بھی چاندی کی طرح (چمکدار) ہوں گے ان پیالوں کو (خدام) ٹھیک اندازے کے مطابق بھریں گے۔ اہل جنت کو وہاں ایسی شراب کے جام پلائے جائیں گے جس میں سونٹھ کی آمیزش ہوگی یہ (شراب جنت کے) ایک چشمہ سے (برآمد) ہوگی جس کا نام "سلسبیل" ہے۔ ❷

☆ اور جنتیوں کے لیے جنت میں صبح وشام رزق تیار ہوگا۔ ❸

☆ جنت میں بلند و بالا تخت ہوں گے (جہاں پینے کے لیے) ساغر رکھے ہوں گے۔ ❹

☆ آج جنتی لوگ مزے کرنے میں مشغول ہیں وہ اور ان کی بیویاں گھنے سایوں میں مسندوں پر تکیے لگا کر بیٹھے ہیں۔ ❺

☆ اہل جنت کی خدمت کے لیے ایسے لڑکے دوڑتے پھر رہے ہوں گے جو ہمیشہ لڑکپن کی عمر میں ہی رہیں گے تم انہیں دیکھو تو سمجھو کہ موتی ہیں جو بکھیر دیے گئے ہیں۔ ❻

❶ ٥١/ واقعہ:٢٧، ٣٢۔ ❷ ٧٦/ الدھر:١٥، ١٨۔
❸ ١٩/ مریم:٦٢۔ ❹ ٨٨/ الغاشیہ:١٣، ١٦۔
❺ ٣٦/ یسین:٥٥، ٥٦۔ ❻ ٧٦/ الدھر:١٩۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

حدیث سے جنت کا تعارف

☆ جنت کے آٹھ دروازے ہیں جن میں سے مشہور یہ ہیں باب الصلاۃ، باب الجہاد، باب الصدقۃ اور باب الریان وغیرہ۔ ❶

☆ جنت کے ہر دروازے کی چوڑائی بارہ سو کلومیٹر ہے۔ ❷

☆ جنت میں چھڑی کے برابر جگہ دنیا اور دنیا کی ہر چیز سے بہتر ہے۔ ❸

☆ قیامت کے روز رسول اللہ ﷺ سب سے پہلے جنت کے دروازے پر آئیں گے اور جنت کا دروازہ کھلوائیں گے۔ ❹

☆ جنت میں سو درجے ہیں ہر دو درجوں کے درمیان سو سال کی مسافت کا فرق ہے۔ ❺

☆ جنت کے محلات میں تمام برتن سونے اور چاندی کے ہوں گے، جنتیوں کے محلات میں ہر وقت عود (لکڑی) جلتی رہے گی جس کی خوشبو سے ان کے محلات معطر رہیں گے۔ جنتیوں کے پسینہ سے مشک کی خوشبو آئے گی، جنت میں تھوک، ناک اور رفع حاجت وغیرہ نہیں ہوں گے تمام جنتی باہم شیر و شکر ہوں گے کسی کے دل میں دوسرے کے خلاف کوئی حسد یا بغض نہیں ہوگا۔ اہل جنت ہر سانس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح کریں گے۔ ❻

---

❶ بخاری، کتاب الایمان:۱۷۹۸۔ ❷ مسلم، کتاب الایمان:۱۹٤۔

❸ بخاری، کتاب بدء الخلق:۳۲۵۰۔ ❹ مسلم، کتاب الایمان، باب فی قول النبی انا اول الناس شفیع:۱۹٦۔ ❺ ترمذی، ابواب صفۃ الجنۃ:۲۰۵٤۔

❻ بخاری، کتاب بدء الخلق، باب ماجاء فی صفۃ الجنۃ۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا: اے اللہ کے رسول ﷺ! جنت کس چیز سے بنی ہوئی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کی ایک اینٹ چاندی کی ہے ایک سونے کی، اس کا سیمنٹ تیز خوشبو والا مسک ہے اس کے سنگریزے موتی اور یاقوت کے ہیں اس کی مٹی زعفران ہے جو شخص اس میں داخل ہوگا وہ عیش کرے گا کبھی تکلیف نہیں دیکھے گا، ہمیشہ زندہ رہے گا کبھی نہیں مرے گا، جنتیوں کے کپڑے کبھی پرانے نہیں ہوں گے اوران کی جوانی کبھی فنا نہیں ہوگی۔ (1)

☆ جنت میں موتی کا ایک خولدار خیمہ ہوگا جس کی چوڑائی ساٹھ میل ہوگی۔ اس خیمہ کے ہر کونے میں (مومن کی) بیویاں ہوگی جنہیں دوسرے (محل کے) لوگ (دوری اور وسعت کی وجہ سے) نہیں دیکھ سکیں گے۔ مومن آدمی ان (بیویوں) کے درمیان چکر لگا تا رہے گا۔ (2)

☆ جنت کی کھجور کا تنا زمرد کا ہوگا اس کی ٹہنی کی جڑ سرخ سونے کی ہوگی اور اس کی شاخ سے اہل جنت کی پوشاک تیار کی جائے گی ان کے لباس اور جبے (قمیض) بھی اسی سے بنائے جائیں گے کھجور کا پھل مٹکے یا ڈول کے برابر ہوگا جو دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ میٹھا ہوگا مکھن سے زیادہ نرم ہوگا اس میں سختی بالکل نہیں ہوگی۔ (3)

☆ جب کوئی آدمی جنت سے پھل توڑے گا تو اس کی جگہ دوسرا پھل لگ جائے گا۔ (4)

---

(1) ترمذی، ابواب صفة الجنة، باب ماجاء فی صفة الجنة و نعیمها: ۲۰۵۰۔
(2) مسلم، کتاب الجنة و صفة نعیمها، باب فی صفة خیام الجنة وما……: ۲۸۳۸۔
(3) شرح السنه، الفتن، باب صفة الجنة و اهلها حدیث صحیح۔
(4) مجمع الزوائد: ۱۰۔۴۱۴۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

☆ کوثر جنت میں ایک نہر ہے (یہ حوض کوثر کے علاوہ ہے) جس کے دونوں کنارے سونے کے ہیں جس کا پانی موتی اور یاقوت پر بہتا ہے اس کی مٹی مشک سے زیادہ خوشبودار ہے اس کا پانی شہد سے زیادہ میٹھا اور برف سے زیادہ سفید ہے۔ [1]

☆ رسول اللہ ﷺ کے آزاد کردہ غلام حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس کھڑا تھا اتنے میں یہودیوں کے علما میں سے ایک عالم آیا اور پوچھنے لگا: جس روز زمین و آسمان ادل بدل کیے جائیں گے اس وقت لوگ کہاں ہوں گے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''پل صراط کے قریب اندھیرے میں۔'' پھر یہودی عالم نے دریافت کیا۔ پل صراط کو سب سے پہلے کون لوگ عبور کریں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''تنگدست مہاجرین۔'' یہودی عالم نے دریافت کیا: جنتی لوگ جنت میں داخل ہوں گے تو سب سے پہلے ان کی خدمت میں کون سا تحفہ پیش کیا جائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''مچھلی کے جگر کا گوشت۔'' یہودی نے پھر پوچھا: اس کے بعد ان کا کھانا کیا ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جنتیوں کے لیے جنت میں چرنے والا بیل ذبح کیا جائے گا (جس کا گوشت انہیں کھلایا جائے گا)۔'' یہودی نے پوچھا: کھانے کے بعد پینے کے لیے جنتیوں کو کیا دیا جائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''سلسبیل چشمہ کا پانی۔'' یہودی عالم نے کہا: آپ نے سچ فرمایا پھر یہ آدمی چلا گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''یہ ساری باتیں اللہ نے مجھے بتائی ہیں۔'' [2]

☆ اگر جنت کی عورتوں میں سے ایک عورت دنیا میں (لمحہ بھر کے لیے) جھانک

[1] ترمذی، ابواب التفسیر باب تفسیر سورۃ الکوثر: ۲۶۷۷۔

[2] مسلم، کتاب الطهارة، باب بيان صفة منى الرجل والمراة وأن الولد مخلوق من مائهما: ۳۱۵۔

kutubistan.blogspot.com

لے تو مشرق و مغرب کے درمیان ہر چیز کو روشن کر دے اور فضا کو خوشبو سے بھر دے جنتی عورت کے سر کا دوپٹہ دنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے اس سب سے بہتر ہے۔ ❶

☆ جو شخص جنت میں داخل ہو گا وہ ہمیشہ خوش و خرم رہے گا کبھی رنجیدہ نہیں ہو گا اس کے کپڑے پرانے نہیں ہوں گے اور نہ ہی جوانی فنا ہو گا۔ ❷

☆ نیند موت کی بہن ہے لہذا جنتیوں کو نیند نہیں آئے گی۔ ❸

☆ رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا: جنت میں ہم اپنی عورتوں کے پاس جائیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''مرد ایک دن میں سو سو کنواری عورتوں کے پاس جائے گا۔'' ❹

☆ بلاشبہ جنت عیش و عشرت، راحت و سکون، دل کش اور دلفریب جگہ کا نام ہے لیکن اس کا ملنا صالح اعمال اور رضائے الٰہی کے بغیر ناممکن ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال کیے وہی لوگ جنتی ہیں اس میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے۔'' ❺ پتہ چلا کہ محض ارادہ اور تمنا کر لینے سے جنت نہیں مل سکتی بلکہ اس کے لیے نیک اعمال کا ہونا بہت ضروری ہے چنانچہ ہم نے اس رسالہ میں چالیس ایسے عمل درج کیے ہیں جن کو بجا لانے سے انسان جنت کا وارث بن سکتا ہے۔ دعا ہے اللہ ہم سب کو اپنی ابدی جنتوں کا وارث بنائے۔ آمین ثم آمین۔

محمد عظیم حاصل پوری حفظہ اللہ

---

❶ بخاري، كتاب الجهاد، باب الحور العين و صفتهن:٢٧٩٦۔

❷ مسلم، كتاب الجنة وصفة نعيمها، باب في دوام نعيم اهل الجنة و قوله تعالى ......:٢٨٣٦۔ ❸ سلسلة الصحيحة:١٠٨٧۔

❹ السلسلة الصحيحة:٣٦٨۔ ❺ ٢/ البقرة:٨٢۔

kutubistan.blogspot.com

جنت میں لے جانے والے چالیس عمل

1 اللہ تعالیٰ کا ڈر اور اچھا اخلاق

عَنْ أَبِی ھُرَیْرَۃَ رضی اللہ عنہ قَالَ: سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم عَنْ أَکْثَرِ مَا یُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّۃَ ، قَالَ تَقْوَی اللّٰہِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ [1]

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے عمل کے بارے میں سوال کیا گیا جو سب سے زیادہ لوگوں کو جنت میں داخل کرے گا؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ کا ڈر اور اچھا اخلاق۔''

2 خلوصِ دل سے کلمے کی شہادت دینا

عَنْ مُعَاذٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ شَھِدَ أَنْ لَا إِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ مُخْلِصًا مِنْ قَلْبِہِ دَخَلَ الْجَنَّۃَ [2]

سیدنا معاذ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص نے خلوص دل سے یہ شہادت دی کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

---

[1] ترمذی ، ابواب البر والصلۃ ، باب ماجاء فی حسن الخلق:٢٠٠٤؛ السلسلۃ الصحیحۃ:٩٧٧۔

[2] مسند أحمد:٢٥٥٥؛ السلسلۃ الصحیحۃ:٢٣٥٥۔

kutubistan.blogspot.com

❸ وفات کے وقت کلمہ شہادت پڑھنا

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهٖ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ ❶

سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’جس شخص کا (بوقت وفات) آخری کلام لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ہوگا وہ جنت میں داخل ہوگا۔‘‘

❹ اپنے مال کی حفاظت میں قتل ہونا

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهٖ مَظْلُوْمًا فَلَهُ الْجَنَّةُ ❷

سیدنا عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’جو شخص اپنے مال کی حفاظت اور دفاع کرتے ہوئے ناحق قتل کر دیا گیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔‘‘

❺ یتیم کی کفالت کرنا

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: أَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ فِي الْجَنَّةِ هٰكَذَا وَأَشَرَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى

---

❶ ابوداود، كتاب الجنائز، باب فى التلقين:٣١١٦؛ صحيح الجامع الصغير: ٦٤٧٩۔ ❷ نسائى، كتاب تحريم الدم، باب من قتل دون ماله:٤٠٩١؛ صحيح الجامع الصغير:٦٤٤٤۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

kutubistan.blogspot.com

وَفَرَّجَ بَيْنَهُمَا شَيْئًا. ❶

''سیدنا سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے اور آپ نے اپنی انگشتِ شہادت اور درمیانی انگلی کے ساتھ اشارہ کیا اور ان کے درمیان کچھ فاصلہ ڈالا۔''

❻ نماز اشراق کی چار رکعات اور نماز ظہر سے پہلے چار رکعات پڑھنا

عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ صَلَّى الضُّحَى أَرْبَعًا وَقَبْلَ الْأُولَى أَرْبَعًا بُنِيَ لَهُ بَيْتٌ فِي الْجَنَّةِ ❷

''سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص نے نماز اشراق کی چار رکعتیں اور پہلی نماز (یعنی نماز ظہر) سے پہلے چار رکعتیں (پابندی سے) پڑھی اس کے لیے جنت میں گھر بنا دیا جاتا ہے۔''

❼ نماز فجر اور نماز عصر باقاعدگی سے ادا کرنا

عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: مَنْ

---

❶ بخاری، کتاب الادب، باب فضل من یعول یتیماً: ٦٠٠٥۔

❷ السلسلة الاحادیث الصحیحة: ٢٣٤٩۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

kutubistan.blogspot.com

صَلَّى الْبَرْدَيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ ❶

''سیدنا ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص نے دو ٹھنڈے وقت کی نمازیں (یعنی فجر اور عصر) ادا کیں وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

❽ ہر فرضی نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنا

عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ قَرَأَ آيَةَ الْكُرْسِيِّ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ إِلَّا أَنْ يَمُوْتَ ❷

''سیدنا ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص نے ہر (فرض) نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھی اسے جنت میں داخل ہونے سے صرف موت نے روک رکھا ہے (یعنی وہ مرتے ہی جنت میں داخل ہو جائے گا)۔''

❾ کثرت سے نفلی روزے رکھنا

عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم مُرْنِيْ بِعَمَلٍ أَدْخُلُ بِهِ الْجَنَّةَ قَالَ: عَلَيْكَ بِالصَّوْمِ فَإِنَّهُ لَا مِثْلَ لَهُ ❸

---

❶ بخاري، كتاب مواقيت الصلاة، باب فضل صلاة الفجر: ٥٧٤۔

❷ طبراني كبير: ٨/ ١٣٤؛ صحيح الجامع الصغير: ٦٤٦٤؛ السلسلة الصحيحة: ٩٧٢؛ ابو نعيم في الحلية: ٣/ ٢٢١۔

❸ مستدرك حاكم: ١/ ٤٢١ وصححه؛ صحيح الجامع الصغير: ٤٠٤٤۔

kutubistan.blogspot.com

سیدنا ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے کسی ایسے عمل کا حکم دیجئے جس کے ذریعے میں جنت میں داخل ہو جاؤں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''(کثرت سے نفلی) روزے رکھا کرو بلاشبہ اس کی مثل کوئی عمل نہیں۔''

(10) اچھی گفتگو کرنا اور کھانا کھلانا

عَنْ هَانِئٍ أَنَّه لَمَّا وَفَدَ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! أَيُّ شَيْءٍ يُوْجِبُ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: عَلَيْكَ بِحُسْنِ الْكَلَامِ وَبَذْلِ الطَّعَامِ. (1)

''سیدنا ہانی (بن یزید رضی اللہ عنہ) سے مروی ہے کہ جب وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے تو عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کونسی چیز جنت واجب کرتی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اچھی گفتگو کیا کرو اور کھانا کھلایا کرو۔''

(11) مسلمان بھائی کی عزت کا دفاع کرنا

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيْهِ رَدَّ اللّٰهُ عَنْ وَجْهِهِ النَّارَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (2)

سیدنا ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں

---

(1) مستدرك حاكم: ١/ ٢٣؛ صحيح الجامع الصغير: ٤٠٤٩۔

(2) ترمذي، ابواب البر والصلة، باب ماجاء في الذب عن عرض المسلم: ١٩٣١؛ صحيح الجامع الصغير: ٦٢٦٢۔

kutubistan.blogspot.com

کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے اپنے بھائی (اس کی غیر موجودگی میں) اس کی عزت کا دفاع کیا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے چہرے سے جہنم کی آگ کو دور کر دیں گے۔''

⑫ زبان اور شرمگاہ کی حفاظت

عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ يَضْمَنْ لِي مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ أَضْمَنْ لَهُ الْجَنَّةَ ❶

سیدنا سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص مجھے اس چیز کی ضمانت دے جو اس کے دو جبڑوں کے درمیان ہے (یعنی زبان) اور جو دو ٹانگوں کے درمیان ہے (یعنی شرمگاہ) میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔''

⑬ اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام حفظ کرنا

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: إِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ اسْمًا، مِائَةً إِلَّا وَاحِدًا مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ۔ ❷

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے ننانوے (۹۹) نام ہیں (سو میں سے ایک

---

❶ بخاري، كتاب الرقاق، باب حفظ اللسان: ٦٤٧٤۔ ❷ بخاري، كتاب الشروط، باب ما يجوز من الاشتراط والثنيا في الاقرار: ٢٧٣٦۔

kutubistan.blogspot.com

کم) جس نے ان کو شمار (حفظ) کرلیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔"

⑭ سورت اخلاص سے محبت کرنا

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ اَقْبَلْتُ مَعَ النَّبِیِّ ﷺ فَسَمِعَ رَجُلاً یَقْرَأُ "قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ" فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: وَجَبَتْ قُلْتُ وَمَا وَجَبَتْ؟ قَالَ: "اَلْجَنَّةُ" ❶

"سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے ہمراہ ایسے آدمی کے پاس آیا جو سورۃ الاخلاص کی تلاوت کر رہا تھا آپ ﷺ نے فرمایا: "واجب ہوگئی۔" میں نے عرض کیا، کیا واجب ہوگئی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "جنت (واجب ہو گئی)۔"

⑮ مساجد کی طرف جانا

عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ مَنْ غَدَا إِلَى الْمَسْجِدِ وَرَاحَ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُ نُزُلَهُ مِنَ الْجَنَّةِ كُلَّمَا غَدَا أَوْ رَاحَ. ❷

"سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ نبی کریم ﷺ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص صبح کو اور شام کو مسجد کی طرف گیا اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت میں مہمان نوازی کا سامان ہر مرتبہ تیار کر دیتے

---

❶ ترمذی، ابواب فضائل القرآن، باب ماجاء فی سورۃ الاخلاص: ۲۸۹۷؛ صحیح ترغیب والترھیب: ۱۴۷۸۔ ❷ بخاری، کتاب الاذان، باب فضل من غداالی المسجد ومن راح: ۶۶۲؛ مسلم: ۶۶۹۔

kutubistan.blogspot.com

ہیں جب بھی وہ صبح یا شام کے وقت گیا۔''

⑯ دینی علم حاصل کرنا

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: وَمَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَلْتَمِسُ فِيْهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ بِهِ طَرِيْقًا إِلَى الْجَنَّةِ [1]

''سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص حصولِ علم کے لیے کسی راستے پر چلا اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس کے بدلے جنت کا راستہ آسان بنا دیں گے۔''

⑰ شرم وحیا اختیار کرنا

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: اَلْحَيَاءُ مِنَ الْإِيْمَانِ وَالْإِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ [2]

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''حیا ایمان سے ہے اور ایمان (والے) جنت میں ہوں گے۔''

⑱ بلاضرورت کسی سے سوال کرنا

عَنْ ثَوْبَانَ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم: مَنْ تَكَفَّلَ لِيْ أَنْ لَا يَسْأَلَ النَّاسَ شَيْئًا فَأَتَكَفَّلَ لَهُ بِالْجَنَّةِ؟ فَقَالَ ثَوْبَانُ "أَنَا"

---

[1] مسلم، کتاب الذکر والدعاء والتوبة والاستغفار: ۲٦۹۹۔

[2] ابن ماجه، الزهد، باب الحياء: ٤١٨٤؛ صحيح الجامع الصغير: ٣١٩٩۔

kutubistan.blogspot.com

فَكَانَ لَا يَسْأَلُ أَحَدًا شَيْئًا ❶

سیدنا ثوبان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کون ہے جو مجھے اس بات کی ضمانت دے کہ وہ لوگوں سے کسی چیز کا سوال نہیں کرے گا تو میں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں؟ سیدنا ثوبان نے کہا ''میں'' پھر وہ کسی سے کچھ نہیں مانگتے تھے۔''

⑲ تسبیح وتحمید کرنا

عَنْ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ عَنِ النَّبِيِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهِ غُرِسَتْ لَهُ نَخْلَةٌ فِي الْجَنَّةِ ❷

سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص نے "سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهِ" کہا اس کے لیے جنت میں ایک کھجور کا درخت لگا دیا جاتا ہے۔''

⑳ تکبر، خیانت اور قرض سے دور رہنا

عَنْ ثَوْبَانَ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ فَارَقَ الرُّوْحُ الْجَسَدَ وَهُوَ بَرِيْءٌ مِنْ ثَلَاثٍ مِنَ الْكِبْرِ وَالْغُلُوْلِ وَالدَّيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ ❸

❶ ابو داؤد، كتاب الزكاة، باب كراهية المسألة: ١٦٤٣، حديث صحيح۔

❷ ترمذی، كتاب الدعوات، باب [في فضائل سبحان الله وبحمده......]: ٣٤٦٥۔

❸ ترمذی، ابواب السير، باب ماجاء في الغلول: ١٥٧٣؛ صحيح الترغيب والترهيب: ١٣٥١۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

kutubistan.blogspot.com

''سیدنا ثوبان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو روح جسم سے جدا ہوئی اور وہ تین چیزوں، تکبر، خیانت اور قرض سے بری تھی تو وہ جنت میں داخل ہوگی۔''

21 مسجد میں اذان دینا

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ ﷺ قَالَ: مَنْ أَذَّنَ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ 1

''سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص نے بارہ سال (نماز کے لیے) اذان کہی اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔''

22 عورت کا احکامِ اسلام کی پابندی کرنا

عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا صَلَّتِ الْمَرْأَةُ خَمْسَهَا وَصَامَتْ شَهْرَهَا وَحَصَّنَتْ فَرْجَهَا وَأَطَاعَتْ بَعْلَهَا دَخَلَتْ مِنْ أَيِّ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَتْ 2

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو عورت پانچ نمازیں پڑھے، ماہِ رمضان کے روزے رکھے، اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرے، اپنے شوہر کی اطاعت کرے تو جنت کے دروازوں میں سے جس سے چاہے داخل ہو جائے۔''

1 ابن ماجه، ابواب الاذان والسنة فيها، باب فضل الاذان و ثواب المؤذنين: ٧٢٨؛ صحيح الجامع الصغير: ٦٠٠٢۔ 2 ابن حبان: ١٢٩٦؛ صحيح الجامع الصغير: ٦٦٠۔

kutubistan.blogspot.com

23 حج مبرور کرنا

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ رضی الله عنه أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم قَالَ: وَالْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَیْسَ لَهٗ جَزَاءٌ إِلَّا الْجَنَّةُ 1

''سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''حج مبرور (نیکی والا حج) کا ثواب جنت ہی ہے۔''

24 اللہ سے ڈر کر رونا اور اس کی راہ میں پہرہ دینا

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی الله عنه قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم یَقُوْلُ عَیْنَانِ لَا تَمَسُّهُمَا النَّارُ: عَیْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ وَعَیْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِی سَبِیْلِ اللّٰهِ 2

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرماتے ہوئے سنا۔ دو آنکھوں کو جہنم کی آگ نہیں چھوسکتی۔ ایک وہ آنکھ جو اللہ کے ڈر سے رو پڑی اور دوسری وہ آنکھ جو راہ فی سبیل اللہ میں پہرہ دیتے ہوئے رات گزارتی ہے۔''

25 رضائے الٰہی کی خاطر دینی بھائی کی زیارت کرنا

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ رضی الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم: مَنْ عَادَ

---

1 بخاری، کتاب الحج، باب وجوب العمرة و فضلها:١٧٧٣۔

2 ترمذی، ابواب فضائل الجهاد، باب ماجاء فی فضل الحرس فی سبیل الله: ١٦٣٩؛ صحیح الجامع الصغیر: ٤١١٣۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

مَرِيْضًا أَوْ زَارَ أَخًا لَهُ فِي اللّٰهِ نَادَاهُ مُنَادٍ: أَنْ طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاكَ وَتَبَوَّأْتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا ❶

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس شخص نے کسی مریض کی عیادت کی یا رضائے الٰہی کی خاطر اپنے دینی بھائی کی زیارت کی تو اس کے لیے منادی اعلان کرتا ہے کہ تو خوش ہو جا، تیرا (ان نیک کاموں کے لیے) چلنا نہایت عمدہ ہے اور تو نے اپنا ٹھکانا جنت میں بنالیا ہے۔''

26 وضو کے بعد نفل نماز پڑھنا

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَتَوَضَّأُ فَيُحْسِنُ وُضُوْءَهُ ثُمَّ يَقُوْلُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ مُقْبِلٌ عَلَيْهِمَا بِقَلْبِهِ وَوَجْهِهِ إِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ ❷

سیدنا عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو مسلمان بھی وضو کرتا ہے اور اچھا وضو کرتا ہے پھر کھڑا ہو کر دو رکعت نماز ادا کرتا ہے جس میں وہ اپنے دل اور چہرے سے متوجہ رہتا ہے (یعنی کامل خشوع اور یکسائی اختیار کرتا ہے) تو اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔''

---

❶ ترمذی، ابواب البر والصلة، باب ماجاء فی زیارة الاخوان: ۲۰۰۸؛ صحیح الترغیب والترھیب: ۲۵۷۸۔

❷ مسلم، کتاب الطھارة، باب الذکر المستحب عقب الوضوء: ۲۳٤۔

kutubistan.blogspot.com

27 نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَنْ نَسِیَ الصَّلَاۃَ عَلَیَّ خَطِئَ طَرِیْقَ الْجَنَّۃِ [1]

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجھ پر درود بھیجنا بھول گیا (یعنی چھوڑ دیا) اس نے جنت کا راستہ کھو دیا۔"

28 لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ کہنا

عَنْ أَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: یَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَیْسٍ! أَلَا أَدُلُّکَ عَلٰی کَنْزٍ مِنْ کُنُوْزِ الْجَنَّۃِ؟ فَقُلْتُ بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ قُلْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰهِ [2]

"سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: " اے عبداللہ بن قیس! کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ نہ بتاؤں؟ میں نے عرض کیا' کیوں نہیں ضرور اے اللہ کے رسول! آپ ﷺ نے فرمایا: کہو' لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰهِ" (نہ ہی کسی برائی سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ ہی نیکی کرنے کی قوت مگر اللہ کی مدد کے ساتھ)۔"

---

[1] ابن ماجه، ابواب اقامة الصلاة والسنة فيها، باب الصلاة على النبي:٩٠٨؛ صحيح الترغيب:١٦٨٢۔ [2] بخاري، كتاب الدعوات، باب الدعاء اذا علا عقبة:٦٣٨٤۔

kutubistan.blogspot.com

29 لین دین میں فیاضی سے کام لینا

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ ﷺ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: أَدْخَلَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ رَجُلاً كَانَ سَهْلاً مُشْتَرِيًا وَبَائِعًا وَقَاضِيًا وَ مُقْتَضِيًا [1]

سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے ایک شخص کو جنت میں داخل کر دیا جو خریدتے وقت، فروخت کرتے وقت، فیصلہ کرتے وقت اور تقاضا کرتے وقت نرمی (اور فیاضی) سے پیش آتا تھا۔''

30 مصائب پر صبر کرنا

عَنْ أَبِيْ أُمَامَةَ ﷺ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: يَقُوْلُ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ: ابْنَ آدَمَ! إِنْ صَبَرْتَ وَاحْتَسَبْتَ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُوْلَى لَمْ أَرْضَ لَكَ ثَوَابًا دُوْنَ الْجَنَّةِ [2]

سیدنا ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ عزوجل فرماتے ہیں ابن آدم! اگر تو صدمے کے شروع شروع میں صبر کرے گا اور ثواب کی نیت رکھے گا تو میں تیرے لیے ثواب میں جنت ہی دینا پسند کروں گا۔''

---

[1] ابن ماجه، ابواب التجارات، باب السماحة في البيع:٢٢٠٢؛ صحيح الترغيب: ١٧٤٣؛ صحيح الجامع الصغير:٢٤٣۔ [2] ابن ماجه، الجنائز، باب ماجاء في الصبر على المصيبة:١٥٩٧، حديث صحيح۔

kutubistan.blogspot.com

31 آنکھوں کی بینائی چلے جانے پر صبر کرنا

عَنْ أَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم يَقُوْلُ : إِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ قَالَ: إِذَا ابْتَلَيْتُ عَبْدِي بِحَبِيْبَتَيْهِ فَصَبَرَ عَوَّضْتُهُ مِنْهُمَا الْجَنَّةَ يُرِيْدُ عَيْنَيْهِ (1)

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سنا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جب میں اپنے بندے کو اس کی دو پیاری چیزوں کے ذریعے سے یعنی آنکھوں سے محروم کر کے آزماؤں، پس وہ اس پر صبر کرے تو میں اس کے بدلے اسے جنت دوں گا۔"

32 اللہ پر توکل کرتے ہوئے دم طلب نہ کرنا

عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ، يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ أُمَّتِي سَبْعُوْنَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ قَالُوْا: مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَلَا يَكْتَوُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ (2)

سیدنا عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "میری امت کے ستر ہزار افراد بغیر حساب کے جنت

(1) بخاری، کتاب المرضی، باب فضل، من ذهب بصره:٥٦٥٣۔ (2) مسلم، کتاب الایمان، باب الدلیل علی دخول طوائف من المسلمین الجنة بغیر حساب:٢١٨۔

kutubistan.blogspot.com

میں داخل ہوں گے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم وہ کون ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ایسے لوگ ہوں گے جو دم طلب نہیں کرتے، بدشگونی نہیں پکڑتے اور داغ نہیں لگواتے بلکہ اپنے رب پر توکل رکھتے ہیں۔"

33 کبیرہ گناہوں سے بچنا

عَنْ أَبِیْ أَیُّوْبَ الْأَنْصَارِیِّ رضی اللہ عنہ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: مَنْ جَاءَ یَعْبُدُ اللّٰہَ لَا یُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا وَ یُقِیْمُ الصَّلَاةَ وَیُؤْتِی الزَّکَاةَ وَیَصُوْمُ رَمَضَانَ وَیَجْتَنِبُ الْکَبَائِرَ فَإِنَّ لَهُ الْجَنَّةَ [1]

سیدنا ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص (قیامت کے دن اس حال میں) آیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا تھا، اس کے ساتھ شرک نہیں کرتا تھا، نماز قائم کرتا تھا، زکوۃ ادا کرتا تھا، رمضان کے روزے رکھتا تھا اور کبیرہ گناہوں سے بچتا تھا تو یقیناً اس کے لیے جنت ہے۔"

34 بکثرت جنت کا سوال کرنا

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ سَأَلَ الْجَنَّةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَتِ الْجَنَّةُ: اَللّٰهُمَّ أَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ [2]

---

[1] نسائی، کتاب تحریم الدم، باب ذکر الکبائر:٤٠٠٩؛ صحیح الجامع الصغیر:٦١٨٥۔

[2] ابن ماجه، ابواب الزهد، باب صفة الجنة:٤٣٤٠؛ صحیح الجامع الصغیر:٣٦٥٤۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

kutubistan.blogspot.com

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جو شخص تین مرتبہ جنت کا سوال کرے تو جنت کہتی ہے، اے اللہ! اسے جنت میں داخل کر دے۔''

35 سورت ملک کی تلاوت کرنا

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وسلم: اِنَّ سُوْرَةً مِنْ کِتَابِ اللّٰهِ مَاهِیَ اِلَّا ثَلَاثُوْنَ آیَةً شَفَعَتْ لِرَجُلٍ فَاَخْرَجَتْهُ مِنَ النَّارِ وَاَدْخَلَتْهُ الْجَنَّةَ 1

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''قرآن مجید میں ایک ایسی سورت ہے جس کی تیس آیات ہیں (یعنی سورت ملک) اس نے (اللہ کے ہاں) ایک آدمی کی سفارش کی، پس اس کو آگ سے نکلوا کر، جنت میں داخل کروا دیا۔''

36 بیٹیوں کی پرورش کرنا

عَنْ اَنَسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ عَالَ جَارِیَتَیْنِ دَخَلْتُ اَنَا وَهُوَ الْجَنَّةَ کَهَاتَیْنِ وَأَشَارَ بِإِصْبَعَیْهِ 2

سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''جس نے دو لڑکیوں کی پرورش کی میں اور وہ ان دونوں (انگلیوں)

---

1 مستدرك حاكم: ٢/ ٤٩٧؛ صحيح الجامع الصغير: ٢٠٨٨۔

2 ترمذي، ابواب البر والصلة، باب ماجاء في النفقة على البنات والأخوات: ١٩١٤؛ صحيح الجامع الصغير: ٧١٤٢۔

kutubistan.blogspot.com

کی طرح جنت میں داخل ہوں گے اور آپ نے یہ کہتے ہوئے اپنی دونوں انگلیوں کے ساتھ اشارہ کیا۔"

37 ماں کی خدمت کرنا

عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ جَاهِمَةَ السُّلَمِيِّ أَنَّ جَاهِمَةَ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَقَالَ: هَلْ لَكَ مِنْ أُمٍّ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَالْزَمْهَا فَإِنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ رِجْلَيْهَا. ❶

سیدنا معاویہ بن جاہمہ سلمی سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ جاہمہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے دریافت فرمایا: "کیا تیری ماں زندہ ہے؟" انہوں نے کہا، ہاں آپ ﷺ نے فرمایا: "اس کی خدمت کیا کرو کیونکہ اس کے قدموں تلے جنت ہے۔"

38 باپ سے حسن سلوک کرنا

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: الْوَالِدُ أَوْسَطُ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَأَضِعْ ذٰلِكَ الْبَابَ أَوِ احْفَظْهُ ❷

سیدنا ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "باپ جنت (میں داخلے) کا سب سے بہترین دروازہ ہے اب تم اس دروازے کو (نافرمانی اور برے سلوک کے ذریعے) ضائع کرلو یا (اطاعت وفرمانبرداری کے ذریعے) اس کو محفوظ کرلو۔"

---

❶ نسائی، کتاب الجهاد، الرخصة فی التخلف لمن له والدة: ۳۱۰۶؛ حدیث صحیح۔ ❷ ابن ماجه، ابواب الادب، باب بر الوالدین: ۳۶۶۳؛ والصحیحة: ۹۱۴۔

kutubistan.blogspot.com

(39) نابالغ بچوں کی وفات پر صبر کرنا

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَا مِنَ النَّاسِ مُسْلِمٌ يَمُوْتُ لَهُ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ [1]

سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس مسلمان کے بھی تین نابالغ بچے مرجائیں تو اللہ تعالیٰ ان بچوں پر اپنے فضل و رحمت کی وجہ سے اسے جنت میں داخل فرما دیں گے۔''

(40) کثرت سے استغفار کرنا

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ رضي الله عنه قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: طُوْبٰى لِمَنْ وَجَدَ فِي صَحِيْفَتِهِ اسْتِغْفَارًا كَثِيْرًا [2]

سیدنا عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اُس شخص کے لیے (جنت کی) خوشخبری ہے جس کے نامۂ اعمال میں کثرت سے استغفار پایا گیا۔''

---

[1] بخاری، کتاب الجنائز، باب ماقیل فی اولاد المسلمین: ۱۳۸۱۔

[2] ابن ماجه، ابواب الادب، باب الاستغفار: ۳۸۱۸؛ صحیح الجامع الصغیر: ۳۹۳۰۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM